سمجھ سکتے ہیں۔

افسوس ہے کہ کتاب کے مندرجات پر میں کوئی تفصیلی رائے نہیں دے سکا۔ بلکہ میں اس جنگ کو دیکھ رہا ہوں جو برپا ہے اور یہ کتاب اور ایسی دوسری کتابیں ہمارا محاذ بھی ہیں اور ہتھیار بھی۔

اسی لیے یہ کتاب جو ریویو کے لیے نہیں آئی تھی، بلکہ ہدیہ تھی، اس کا تعارف میں نے کرا دیا۔

گلشنِ اقبال مصنف: پروفیسر اسرار احمد خان سہاوری۔ شائع کردہ: دارالاشاعت ادارۂ تنظیم مساجد، ۱۱۵ سی سٹیلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ۔ صفحات: ۱۳۶۔ کتابت و طباعت مناسب۔ قیمت: ۱۵/- روپے۔

پروفیسر اسرار احمد خان سہاوری ایک بزرگ ماہر تعلیم اور دانشور ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ادبی ذوق کے ساتھ ساتھ دردِ دل سے بھی بہرۂ وافر عطا فرمایا ہے۔ چنانچہ یہ اسی کا نتیجہ ہے کہ کبر سنی اور مسلسل خرابیٔ صحت کے باوجود وہ اس گراں قدر کتاب کو تالیف کر پائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس محنت کو قبول فرمائے۔ آمین۔

علامہ اقبال کے متعلق بہت سی کتابیں ایسی ہیں کہ ان کتابوں کے مصنفین نے بالعموم اقبال کے نام سے خود اپنے رجحانات و معتقدات اور افکار و نظریات کو پیش کیا ہے۔ اور اقبال کی فکر اور ان کی شاعری کی نہایت نامعقول تاویلات کی ہیں۔ گلشنِ اقبال ایک ایسی کتاب ہے جس میں حکیم الامت کے تصورات کا صحیح ترین انعکاس ہے۔

گلشنِ اقبال میں مصنف نے فکرِ اقبال کے مختلف پہلوؤں کو اس کے صحیح رنگ میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے پندرہ مختلف موضوعات پر علامہ اقبال کے اشعار کا انتخاب کر کے ان کی آسان اور دل نشین انداز میں تشریح کی ہے۔ اور مخالفِ اسلام نظریات کو ضرب بھی لگائی ہے۔ جنہوں نے اقبال کی فکر کو غلط رنگ دینا چاہا۔

پروفیسر صاحب کی اس کوشش نے آئندہ کام کرنے والوں کے لیے نشاناتِ راہ کو واضح کر دیا ہے۔